© rasailojaraid.com



کتاب کا پیش لفظ ڈاکٹر بشیر احمد صدیقی نے لکھا ہے۔ جو بجائے خود ایک وقیع تحریر ہے۔ مضبوط جلد سادہ دلکش سرورق اور سفید کاغذ پر صاف ستھری طباعت کے باوجود کتاب کی قیمت موزوں ہے۔

**عہد نبوی کا اسلامی تمدن** | از مولانا رضی الدین احمد فخری ——— صفحات ۴۸۳ ——— قیمت درج نہیں
ناشر ادارۃ القرآن والعلوم الاسلامیہ۔ ۴۳، ڈی گارڈن ایسٹ۔ نزد لسبیلہ چوک کراچی نمبر ۵

عہد نبوی کا تمدن علامہ کبیر، امام حافظ الحدیث سید عبدالحی الکتانی المتوفی ۱۲۸۲ھ کی عظیم تاریخی اور شاہکار عربی تصنیف "التراتیب الاداریہ" کا اختصار اور سلیس اردو ترجمہ ہے علامہ کتانی اپنی وسعتِ نظر علمی تبحر، جامعیت اور گرانقدر دینی و علمی خدمات اور تصانیف کے اعتبار سے تمام افریقی ممالک میں ممتاز تھے ان کی تمام تصنیفات میں "التراتیب الاداریہ" ایک اچھوتے موضوع پر وہ قابل قدر کتاب ہے جو ہمیشہ سے اہل علم و نظر کے لیے معتمد رہی ہے اور ہر دور میں علمی اور تحقیقی حلقوں میں اس سے بہت استفادہ کیا گیا ہے کتاب میں نبوی دورِ حکومت کا ایک مختصر مگر جامع خاکہ ہے جس کے مطالعہ سے عہد نبویؐ کے تہذیب و تمدن، وزارت و خلافت، حکومتی نظم و نسق، رجال کار، صنعت و حرفت، تجارت و امارت، تعلیم و تربیت، مناصب و ظائف، حرب و صلح، بیع و شراء، نقود و عملہ، فنون لطیفہ، تربیت بدنیہ، ریاضت و سیاحت خدم اور ان سے متعلق خصوصی خدمات وغیرہ تمام امور کا یہ اختصار جائزہ لیا گیا ہے۔ محترم حضرت مولانا سید رضی الدین فخری صاحب نے علمی ذوق اور جذبہ اشاعتِ دین کے پیش نظر اولاً ایک محقق عالم دین سے اس کا اختصار اور سلیس اردو ترجمہ کرایا پھر زبان اور ترتیب کے نقطۂ نظر سے اس میں مزید اصلاحات کر کے اسے "عہد نبوی کا اسلامی تمدن" کے نام سے شائع کر دیا ہے کتاب واقعتہً عہد نبویؐ کی تمدنی تاریخ کا خزینہ، علوم معارفِ دینیہ و تاریخیہ کا گنجینہ ہے انداز دلچسپ شُستہ اور علمی ہے" ادارۃ القرآن والعلوم الاسلامیہ" کے منتظمین اس لحاظ سے قابلِ تبریک ہیں کہ انہوں نے حسب روایت اس کتاب کو بھی عمدہ کاغذ، بہترین کتابت، مضبوط جلد بندی اور شاندار طباعت کے ساتھ منظر عام پر لاتے ہیں ہمیں یقین ہے کہ علمی و دینی اور تحقیقی حلقے اس کی قدر کریں اس کتاب کے بغیر کسی بھی لائبریری کو معیاری نہیں قرار دیا جا سکتا۔

© rasailojaraid.com